72199-دو شخص مسجد میں نماز کے لیے داخل ہوئے لیکن پہلی صف میں صرف ایک شخص کے لیے جگہ تھی

سوال

دو شخص مسجد میں داخل ہوئے اور پہلی صف میں صرف ایک شخص کو جگہ ملی تو کیا ان کے لیے افضل یہ ہے کہ وہ دونوں دوسری صف میں کھڑے ہوں، یا کہ ایک شخص پہلی صف میں اور دوسرا اکیلا ہی پچھلی صف میں کھڑا ہو جائے ؟

پسندیدہ جواب

"اگر دو افراد مسجد میں داخل ہوں
اور پہلی یا دوسری صف میں صرف ایک شخص کے جگہ ہو تو وہ دونوں اکٹھے صف بنا کر کھڑے
ہوں، کیونکہ اگر ایک شخص صف میں کھڑا ہو گا تو دوسرا اکیلا رہ جائیگا، تو اس حالت
میں افضل اور بہتر یہ ہے کہ وہ دونوں صف کے پیچھے دوسری صف بنا کر کھڑے ہو جائیں.

لیکن اگر دو افراد کے لیے اگلی صف
میں جگہ ہو تو پھر دونوں اس صف میں کھڑے ہو جائیں، اور اکیلے پچھلی صف میں کھڑے نہ
ہوں، کیونکہ ایسا کرنا خلاف سنت ہے.

کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
نے پہلی پہلی صفوں کو مکمل کرنے پر ابھارا ہے، لیکن اگر فرض کریں کہ انہوں نے ایسا
کر لیا تو ان کی نماز صحیح ہے، کیونکہ ایک شخص دوسرے سے علیحدہ نہیں ہوا" انتہی.